# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 10 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیر اعظم کے ہاتھوں ویما سکھی یوجنا کی رونمائی۔خواتین کو معاشی طور پر بااختیار اور مستحکم بنانے کی سمت میں ایک اہم پیش رفت کا وزیر اعظم کا عندیہ۔

☆ سنجے ملہوترا ریزروبینک کے نئے گورنر مقرر۔

☆ اسمبلی اسپیکر کے طور پر ایڈوکیٹ راہل نارویکر کا بلا مقابلہ انتخاب۔ ریاستی حکومت کی تحریکِ اعتماد کی تجویز صوتی ووٹوں سے منظور۔

☆ ریاستی اسمبلی کے خصوصی اجلاس کی کارروائی ملتوی۔ ناگپور میں 16 دسمبر سے سرمائی اجلاس منعقد کرنے کی گورنر سے درخواست۔

اور۔۔۔☆ لاڈلی بہن اسکیم کی جانچ سے متعلق خبریں بے بنیاد اور جھوٹی ہونے کی سابق وزیر آدیتی تٹکرے کی وضاحت۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل ''ویما سکھی یوجنا'' کی رونمائی کی۔ وزیر اعظم نے کل ہریانہ کے پانی پت میں منعقدہ ایک تقریب میں اسکیم کے تحت بیمہ کروانے والی خواتین کو اسنادات تفویض کیے۔ انڈین لائف انشورنس کارپوریشن کی اس اسکیم کا مقصد خواتین کو مالی استحکام اور خود مختاری فراہم کرنا ہے۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ یہ اسکیم خواتین کو بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

18 سے 70 سال عمر کی کم از کم دسویں کامیاب خواتین کو اس اسکیم کے تحت ایل آئی سی کا نمائندہ بننے کی تربیت دی جائے گی۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے بتایا کہ اگلے تین سالوں میں کم از کم دو لاکھ خواتین کو اس اسکیم میں شامل کیا جائے گا۔ سیتارمن نے بتایا کہ پہلے تین سال تک ان خواتین کو ماہانہ تعلیمی وظیفے سمیت ان کی انشورنس پالیسی کا کمیشن بھی دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا...

*''دسویں پاس کیے ہوئے مہیلاؤں کو ایل آئی سی ریکروٹمنٹ کے دُوارا ''ویما سکھی'' کے نام میں اُن کو ریکروٹ کرتے ہوئے ان کو ایک اسٹائیفنڈ بھی دیں گے پہلے سال مہینہ سات ہزار روپیہ؛ پھر اگلے سال ہر مہینہ چھ ہزار روپیہ ہوتے ہوئے تیسرے سال ہر مہینے پانچ ہزار روپیہ ملے گا۔ یہ صرف بیسک اسٹائیفنڈ ہے اس کے اوپر مہیلا اُن کے اپنے اپنے کمیشن بھی کما سکتی ہے۔''*

***** ***** *****

ریزروبینک آف انڈیا کے نئے گورنر کے طور پر سنجے ملہوترا کا تقرر کیا گیا ہے۔ وہ راجستھان سیکٹر سے بھارتی خدمات انتظامیہ کی 1990 کی بیچ کے افسر ہیں اور فی الحال وزارتِ خزانہ میں محصول سیکریٹری کے عہدے پر فائز ہیں۔ ملہوترا آئندہ تین سال تک آر بی آئی کے گورنر کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ کل 11 تاریخ کو وہ اپنے عہدے کا جائزہ حاصل کریں گے۔ موجودہ گورنر شکتی کانت داس کی میعاد آج ختم ہو رہی ہے۔

***** ***** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ مہاراشٹر ایک ٹریلین امریکی ڈالر کی معیشت کے ہدف کو حاصل کرنے کی طرف رواں دواں ہے۔ گزشتہ روز مقننہ کے خصوصی مشترکہ اجلاس سے گورنر مخاطب تھے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال کی پہلی دو سہ ماہی میں مہاراشٹر براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے معاملے میں ملک میں سرِ فہرست مقام پر ہے‘ جبکہ گزشتہ سال بھی براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں ملک میں سرِ فہرست رہنے کی طرف انھوں نے ایوان کی توجہ مبذول کروائی۔

***** ***** *****

ریاستی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر کے طور پر بی جے پی کے راہل نارویکر کا بلا مقابلہ انتخاب عمل میں آیا ہے۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار نے نارویکر کے نام کی تجویز پیش کی تھی جسے دیگر اراکین نے منظور کرلیا۔ جس کے بعد عبوری صدر کالی داس کولمبکر نے نارویکر کے انتخاب کا اعلان کیا۔ وزیرِ اعلیٰ اور دونوں نائب وزرائے اعلیٰ سمیت کانگریس کے نانا پٹولے اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے جینت پاٹل نے نارویکر کے کاموں کی ستائش کرتے ہوئے انھیں مستقبل کیلئے مبارکباد پیش کی۔
شیوسینا ادھو باڑ اصاحب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے اسپیکر کے انتخاب کے عمل کا مقاطعہ کیا گیا۔ اس سلسلے میں رُکنِ اسمبلی آدتیہ ٹھاکرے نے ایوان کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اسمبلی اسپیکر سبھی کے ساتھ مساوی انصاف کریں گے۔
دریں اثنا، وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی سربراہی میں مہایوتی کی مخلوط حکومت کی جانب سے ارکانِ اسمبلی ادئے سامنت، دلیپ وڑسے پاٹل، سنجے کوٹے اور روی رانا نے ایوان میں نے اعتماد کی تحریک پیش کی، جسے صوتی ووٹ سے منظور کرلیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

نومنتخبہ اسپیکر راہل نارویکر کی طرف سے کل ایوان میں معروف صنعت کار رتن ٹاٹا‘ مدھوکر پچڑ، روہی داس پاٹل، بابا صدیقی، وسنت چوہان سمیت دیگر آنجہانی اراکین کو خراجِ عقیدت کی تجویز پیش کی گئی۔ جس پر تمام اراکین نے دو منٹ خاموش رہ کر مرحوم اراکین کے اہلِ خانہ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔
بعد ازاں‘ گورنر کی ہدایت پر اسپیکر راہل نارویکر نے قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس کا کام ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ نارویکر نے بتایا کہ آئندہ 16 دسمبر سے ناگپور میں اسمبلی کا سرمائی اجلاس منعقد کرنے کی درخواست گورنر سے کی گئی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے عزم ظاہر کیا ہے کہ ریاستی مقننہ سرحدی علاقوں میں مراٹھی بولنے والوں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی رہے گی اور بیلگام، نیپانی اور مہاراشٹر جب تک ایک نہیں ہوجاتے تب تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ وہ گزشتہ روز قانون ساز کونسل میں اظہار خیال کررہے تھے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومتِ کرناٹک کا مراٹھی زبان بولنے والوں کو سرگرمیوں سے روکنے کا مؤقف آئینی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔
قانون ساز کونسل میں حزبِ اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے کل یہ مسئلہ اٹھایا۔ جس کا جواب دیتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ریاستی حکومت کی جانب سے کرناٹک حکومت کے اس اقدام کی سخت مذمت کی۔ انہوں نے ایوان کے باہر صحافیوں سے گفتگو کے دوران اپنا مؤقف پیش کیا۔

***** ***** *****

کرناٹک حکومت نے بیلگام میں متحدہ مہاراشٹر اسمیتی کے زیر اہتمام مراٹھی بولنے والوں کے اجتماع کی اجازت سے انکار کرتے ہوئے سمیتی کے ارکان کو گرفتار کرلیا ہے اورعوامی نمائندوں پر امتناع عائد کرکے مہاراشٹر سے کرناٹک جانے والے مراٹھی افراد کے کرناٹک میں داخلے پر پابندی لگادی گئی ہے۔شیوسینا ادھو باڑا صاحب ٹھاکرے گروپ کے نائب رہنما سنجے پوار اور دیگر کارکنان کو کل کرناٹک پولس نے بیلگام جانے سے روک دیا۔

متعلقہ خبروں کے مطابق سدارامیا حکومت نے کرناٹک قانون ساز اسمبلی میں نصب ویرساورکر کی تصویر ہٹانے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی جانب سے چلائی جارہی لاڈلی بہن اسکیم کی جانچ پڑتال سے متعلق خبریں بے بنیاد ہونے کی وضاحت بہبودیِ خواتین واطفال محکمے کی سابق وزیر آدتی تٹکرے نے کی ہے۔ وہ کل ودھان بھون علاقے میں نامہ نگاروں سے مخاطب تھیں۔اس معاملے میں کوئی بھی ابہام وافواہیں نہ پھیلانے کی اپیل بھی انھوں نے کی۔

***** ***** *****

پنچایت راج کی مرکزی وزارت نے سال 23-2022 کے قومی پنچایتی ایوارڈ کیلئے ملک بھر کے مختلف زمروں کے 45ایوارڈ یافتگان کا انتخاب کیا ہے۔اس میں مہاراشٹر کو چھ یوارڈ ملے ہیں۔ یہ ایوارڈ کل بدھ کو نئی دہلی میں صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو کے ہاتھوں تقسیم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

آئندہ 13اور 14دسمبر کی رات آسمان میں مشرقی سمت شہابِ ثاقب گرنے کا نظارہ کیا جاسکتا ہے۔ماہرینِ فلکیات کے مطابق فلکیاتی مطالعہ نگار اور فلکیات دوست کھلی آنکھوں سے اس کا مشاہدہ کرسکتے ہیں۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے امبہ جوگائی شاخ کی جانب سے آئندہ 14اور 15دسمبر کو منعقد ہونے والے دوروزہ گیارہویں امبہ جوگائی ساہتیہ سمّیلن کی تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں۔سمّیلن کے استقبالیہ صدر رُسدرشن راپت وار نے کل بیڑ میں منعقدہ صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

ہنگولی کے ضلع کلکٹر ابھینو گوئل نے کہا ہے کہ فوجیوں کی قربانیوں کی وجہ سے ہی ہم محفوظ ہیں اور سابق فوجیوں کے مسائل حل کرنے کیلئے وہ عہد بند ہیں۔کل ضلع کلکٹر دفتر میں مسلح افواج پرچم دِن فنڈ جمع کرنے کی شروعات ہوئی۔اس موقع پر وہ مخاطب تھے۔

***** ***** *****

ممبئی سمیت مہاراشٹر میں دوبارہ سردی کی لہر شروع ہوگئی ہے۔گذشتہ 9 سالوں میں سب سے کم درجۂ حرارت ممبئی میں درج کیا گیا۔دریں اثنا' شمالی ہند کی جانب سے سرد ہواؤں کی وجہ سے ممبئی سمیت ناسک اور پونے میں سردی کا زور بڑھنے کا امکان محکمۂ موسمیات نے ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیر اعظم کے ہاتھوں ویما سکھی یوجنا کی رونمائی ۔ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار اور مستحکم بنانے کی سمت میں ایک اہم پیش رفت کا وزیر اعظم کا عندیہ ۔

☆ سنجے ملہوترا ریزرو بینک کے نئے گورنر مقرر ۔

☆ اسمبلی اسپیکر کے طور پر ایڈوکیٹ راہل نارویکر کا بلا مقابلہ انتخاب ۔ ریاستی حکومت کی تحریکِ اعتماد کی تجویز صوتی ووٹوں سے منظور ۔

☆ ریاستی اسمبلی کے خصوصی اجلاس کی کارروائی ملتوی ۔ ناگپور میں 16 دسمبر سے سرمائی اجلاس منعقد کرنے کی گورنر سے درخواست ۔

اور ۔ ۔ ۔ ☆ لاڈلی بہن اسکیم کی جانچ سے متعلق خبریں بے بنیاد اور جھوٹی ہونے کی سابق وزیر آدیتی تٹکرے کی وضاحت ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں ۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

***** ***** *****